© rasailojaraid.com



بامحاورہ معنی لکھے گئے ہیں۔ ساتھ ساتھ مطالب کی بھی تشریح کردی گئی ہے۔ کتابت وطباعت دیدہ زیب ہے۔ اگر بچوں کو نماز باترجمہ پڑھانے کی ضرورت ہو تو گلدستہ نماز اس ضرورت کو پورا کرے گا۔

**حقیقت الصوم** ازمولانا تمنا عمادی۔ قیمت ۱ ؎ ملنے کا پتہ منیجر مکتبہ اسلامیہ دارالادب پھلواری شریف (پٹنہ)

اس میں مولف نے بتایا ہے کہ روزے کی حقیقت اور اس کا مقصد کیا ہے۔ اور ثابت کیا ہے کہ جس روزے سے متوقع مقصد حاصل نہ ہو وہ روزہ اللہ کے ہاں مقبول نہیں۔

**محمدؐ رسول اللہ** مترجمہ مولانا عبدالرحمن صاحب عاقل رحمانی۔ کتابستان، پوسٹ بکس نمبر ۶۲۴ ،۳۱ بمبئی نمبر ۳ قیمت ۸/ر۔

یہ انگلستان کے مشہور مفکر طامس کارلائل کے مجموعہ خطبات "ہیروز اینڈ ہیرو ورشپ" میں سے ایک خطبے کا ترجمہ ہے۔ انبیاء کی فہرست میں سے کارلائل نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ہیرو منتخب کیا ہے اور انھی کو اپنے ایک مستقل خطبے کا موضوع بنایا ہے۔ کارلائل ایک صاف دل اور بے تعصب انسان تھا۔ اسلام اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن کے مطالعہ سے جو تاثرات اس کے دل و دماغ نے اخذ کیے ہیں ان کا اظہار بلا کم وکاست اُس نے اپنے خطبے میں کردیا ہے۔ اُس کی سنجیدہ اور متین زبان اور اس کا پُرزور اور بلیغ انداز بیان اِس موضوع کے لیے خوب موزوں تھا لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ترجمہ میں اصل کی خصوصیات کسی طرح برقرار نہیں رہیں۔ اس میں شک نہیں کہ کارلائل کے تشبیہات واستعارات سے بھرے ہوئے مضامین کو اردو کا قالب پہنانا بہت مشکل ہے تاہم موجودہ ترجمہ سے بہتر ترجمہ ممکن تھا۔ اس میں تو اکثر جگہ مطلب ہی خبط ہو گیا ہے اور اکثر جگہ لفظی ترجمہ ہونے کی وجہ سے بھونڈے ہو کر رہ گئے ہیں مثلاً "گناہ جو جزئیات اور پوست ہوں بالکل آسان اور معمولی چیزیں ہیں"۔ "وہ مردہ خشک ریت کی طرح بالکل صاف ہے"۔ "کعبہ دنیا کی عجیب شان والوں میں سے ایک عجیب شان والی چیز ہے"۔ ایک ایک صفحہ غیر مانوس ترکیبوں اور الفاظ سے بھرا پڑا ہے۔ مثلاً فاش وحشت، ابدیت مجہولہ، ملامت ذاکرہ، تاقب نظر،

© rasailojaraid.com